روداداجلاس وفاق المدارس العربیہ مظفرآبادڈویژن

مولاناعطاءاللہ علوی زیدمجدہم

مورخہ یکم فروری 2018 کو جامع مسجد دومیل سیدان و مدرسہ حسنین کریمینؓ میں وفاق المدارس العربیہ پاکستان مظفرآبادڈویژن کے ملحق مدارس کے مہتممین، منتظمین ونظماء تعلیم کا ایک نمائندہ تعارفی اجلاس ہوا۔ جس کے مہمان خصوصی حضرت مولانا حسین احمد صاحب (ناظم وفاق المدارس العربیہ پاکستان کے پی کے وشمالی کشمیر) تھے۔ نئے مسئول برائے مظفرآباد ومیرپور ڈویژن مولانا سیدعدنان علی شاہ صاحب نے حضرت مولانا قاری عبدالمالک توحیدی مہتمم مدرسہ اشاعت القرآن شاہناڑہ کی تلاوت سے باقاعدہ تعارفی اجلاس کا آغاز کیا۔ اس کے بعد مولانا شیخ محمد الطاف مدرس دارالعلوم الاسلامیہ چھتردومیل ومہتمم مدرسہ صدیق اکبراپرامبور نے ہدیہ نعت پیش کیا۔ بعدازاں تمام حاضرین نے اپنا اپنا تعارف کرایا۔

اجلاس میں مظفرآبادڈویژن کے تمام ملحق مدارس کے مہتممین ومنتظمین نے خصوصی طور پر شرکت کی جن میں سے چند کے نام یہ ہیں: حضرت مولانا قاری عبدالمالک توحیدی مہتمم مدرسہ اشاعت القرآن شاہناڑہ، حضرت مولانا قاضی محمودالحسن اشرف مہتمم جامعہ دارالعلوم الاسلامیہ ورکن نصاب کمیٹی وفاق المدارس العربیہ پاکستان، حضرت مولانا مفتی محمودالحسن شاہ مسعودی مہتمم مدرسہ سیدنا ابوہریرہؓ، حضرت مولانا انوارالحق قاسمی مہتمم مدرسہ انوار القرآن ماکڑی، حضرت مولانا غلام سرور مہتمم مدرسہ خدیجۃ الکبریٰ مظفرآباد، حضرت مولانا ہدایت اللہ مہتمم تعلیم الاسلام تلگراں، مولانا مفتی خطیب الرحمٰن مہتمم مدرسہ البنات کنڈلشاہی، مولانا مفتی عبدالقدیر مہتمم مدرسہ سیدنا امیرحمزہ گڑھی دوپٹہ، مولانا منظورالحسن مہتمم مدرسہ قاسمیہ جلال آباد، مولانا محمد فیاض صدرمدرس جامعہ ابوہریرہؓ رنجاٹہ ومہتمم مدرسہ عبداللہ بن عباسؓ شوکت لائن، مولانا قاری محمد افضل خان ناظم تعلیمات مدرسہ تعلیم القرآن لوئرچھتر، مولانا جمیل احمد ناظم تعلیم مدرسہ تعلیم القرآن ہٹیاں بالا، مولانا عبدالماجد توحیدی ناظم مدرسہ اشاعت القرآن، مفتی محمد اختر مہتمم مدرسہ عائشہ صدیقہ للبنات پٹہکہ نصیرآباد، مفتی ندیم مہتمم فاروق اعظم راڑہ، مولانا الطاف

لون مہتمم مدرسہ عربیہ للبنات امبور، مولانا ہارون الرشید، مہتمم مدرسہ عائشہ صدیقہ کلیاں، مولانا مفتی نصیرالدین ناظم تعلیم مدرسہ امام ابوحنیفہ نکہ بھیڑی، مولانا سید ظہور حسین شاہ مہتمم مدرسہ عائشہ صدیقہؓ، مولانا نذرالدین مہتمم مدرسہ عائشہ صدیقہؓ، مولانا مفتی یاسر نمائندہ جامعہ زینب للبنات لوئر پلیٹ، قاری محمد یونس دراسات الاسلامیہ پلیٹ کے علاوہ بھی بہت سارے علماء کرام نے شرکت کی۔

تعارف کے بعد نئے مسئول مولانا سید عدنان علی شاہ صاحب نے مہمان خصوصی مولانا حسین احمد صاحب کو بیان کے لیے دعوت دی۔ مہمان خصوصی نے اپنے بیان میں مدارس کی اہمیت، وفاق المدارس کی اہمیت وکارکردگی، اکابرین وفاق کی جدوجہد، اتفاق واتحاد، غیبت سے اجتناب، مسئول کی ذمہ داریاں جیسے اہم موضوعات پر تفصیلی روشنی ڈالی اور نومنتخب مسئول کو مبارک باد پیش کرتے ہوئے وفاق کی اس اہم ذمہ داری کو بطریق احسن نبھانے کی توقع کا اظہار کیا اور تمام علماء سے ان کی مسئولیت کی تائید لی۔ جس پر تمام علماء نے بالاتفاق رائے مولانا حسین احمد صاحب اور اکابرین وفاق کے اس انتخاب کی توثیق کرتے ہوئے شکریہ ادا کیا اور نئے مسئول کے ساتھ مکمل تعاون کی یقین دہانی کرائی۔ اجلاس میں حضرت مولانا قاضی محمودالحسن اشرف صاحب نے اپنے بیان میں اکابرین وفاق پر مجمع سے بھرپور اعتماد لیا اور نئے مسئول سے مکمل تعاون کرنے کے سلسلہ میں علماء کرام کو ترغیب دی اور وفاق المدارس کی پالیسیوں سے مجمع کو آگاہ کیا۔

مولانا قاری عبدالمالک توحیدی نے اپنے بیان میں اتفاق پر زور دیا، اور نئے مسئول سے تعاون کے لیے اپنے آپ کو پیش کیا۔ مولانا محمودالحسن شاہ مسعودی نے اصلاح، تزکیہ، امانت اور دیانتداری پر زور دیا اور حضرت مولانا حسین احمد کا شکریہ ادا کیا۔ مولانا قاضی منظورالحسن، مولانا انوارالحق قاسمی نے اپنے اپنے بیان میں نئے مسئول کو مبارکباد دی اور مولانا حسین احمد صاحب کی علماء کرام کے مابین اتفاق واتحاد کی فضاء پیدا کرنے پر شکریہ ادا کیا۔ مولانا عبدالماجد توحیدی نے مختصراً تجویدالقرآن ٹرسٹ آزاد کشمیر کے حوالے سے صدر آزاد کشمیر کے ساتھ ہونے والے ملاقات پر روشنی ڈالی۔ آخر میں نئے مسئول مولانا سید عدنان علی شاہ نے مہمان خصوصی اور تمام علماء کرام کے اجلاس میں شرکت اور اپنے اوپر اکابرین وفاق اور علماء کرام کے اعتماد پر شکریہ ادا کرتے ہوئے ذمہ داری کو بطریق احسن نبھانے کی یقین دہانی کرائی، اور تمام علماء سے تعاون اور دعا کی اپیل کی۔ مجلس کا اختتام حضرت مولانا مفتی محمودالحسن شاہ مسعودی کی دعا سے ہوا۔